Maulana Azad National Urdu University
B.A VI Semester Examination - MAY- 2019
BAIS601DST- Movements, Institutions & Thinkers

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) تبلیغی جماعت کے بانی کا نام بتائیے۔

(a) مولانا محمد یوسف (b) مولانا ثناء اللہ (c) مولانا ابوالاعلیٰ (d) مولانا محمد الیاس

(ii) سنی بریلوی جماعت کس کے نام سے منسوب ہوکر بریلوی کہلائی۔

(a) شبلی نعمانی (b) احمد رضا خاں (c) شاہ ولی اللہ (d) اشرف علی تھانوی

(iii) مولانا ابوالکلام آزاد کی پیدائش کہاں ہوئی۔

(a) دہلی (b) کلکتہ (c) مکہ مکرمہ (d) مدینہ منورہ

(iv) ہندوستان میں کس مسلم ادارہ کو ’’ازہر ہند‘‘ کہا جاتا ہے؟

(a) دارالعلوم دیوبند (b) علیگڈھ مسلم یونیورسٹی (c) ندوۃ العلماء (d) جامعہ ملیہ اسلامیہ

(v) رسائل نور کے مصنف کا نام بتائیے؟

(a) محمد بن عبدالوہاب (b) بدیع الزماں (c) حسن البناء (d) محمد بن علی سنوسی

(vi) شیخ احمد سرہندیؒ کا تعلق کس صوفی سلسلہ سے تھا؟

(a) چشتیہ (b) سہروردیہ (c) قادریہ (d) نقشبندیہ

(vii) مولانا اشرف علی تھانویؒ کی تفسیر کا نام بتائیے؟

(a) بیان القرآن (b) ترجمان القرآن (c) تفہیم القرآن (d) تفسیر القرآن

P.T.O

(viii) اخوان المسلمون تنظیم کا قیام کہاں عمل میں آیا؟

(a) شام (b) مصر (c) عراق (d) ترکی

(ix) دارالمصنفین ادارہ کے بانی کا نام بتایئے؟

(a) سر سید احمد (b) ابوالکلام آزاد (c) شبلی نعمانی (d) مولانا محمد علی

(x) جامعہ ملیہ اسلامیہ کا قیام کہاں عمل میں آیا؟

(a) لکھنو (b) علیگڑھ (c) حیدرآباد (d) دہلی

حصہ دوم

(2) ندوۃ العلماء کے قیام کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے اس کے نصاب کا جائزہ لیجیے۔

(3) جمعیۃ العلماء کا تعارف کرایئے اوراس کی خدمات کا مختصر جائزہ لیجیے۔

(4) سنوسی تحریک کی تعلیمی سرگرمیوں پر ایک مفصل نوٹ لکھیے۔

(5) تبلیغی جماعت کا قیام اوراس کے چھ بنیادی اصولوں کی وضاحت کیجیے۔

(6) علامہ اقبال کی حیات اور شاعری کے ذریعہ ان کی اصلاحی خدمات بیان کیجیے۔

(7) علیگڑھ تحریک کے قیام اور مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

(8) مولانا ابوالکلام آزاد ''بحیثیت سیاسی رہنما اور وزیر تعلیم'' ان کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(9) تحریک اخوان المسلمون کا مختصر تعارف کرایئے۔

حصہ سوم

(10) جماعت اسلامی کے تعارف، طریقہ کار اور کارکردگی پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

(11) مولانا شبلی نعمانی کی حیات اوران کی تصنیفی وعلمی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(12) جامعہ ملیہ اسلامیہ کا قیام کیوں کر عمل میں آیا؟ اس کے اغراض ومقاصد اور خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(13) وہابی تحریک کی دعوتی واصلاحی کوششوں پر ایک مضمون لکھیے۔

(14) شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی حیات اوران کی علمی واصلاحی خدمات بیان کیجیے۔

☆☆☆